اوم

کرسی نامہ خاندان سنگھیان

معہ مختصر حالات مہاراجہ اگرسین جی

الموسوم بہ

بنساولی سنگھیان

نارنول

مولفہ

گوپی لال صاحب و گنپت لال صاحب سنگھی وکیل ہائیکورٹ سرکار نظام

باہتمام کارپردازان پریس

انیکا پرنٹنگ پریس حیدرآباد دکن مین طبع ہوئی

اوم

التماس ضروری

معزز بزرگان و برادران - اول پرماتما کا دھنیاد کرنے کے بعد جناب بابو ہرجیون لعل صاحب سنگھی کا شکریہ تہ دل سے ادا کیا جاتا ہے کہ جن کی محنت شاقہ سے کرسی نامہ و شجرۂ خاندان سنگھیان نارنول ابتداً قلمبند ہوا - جس کو آپنے ضروری ترمیم و تنسیخ کی اجازت کے ساتھ بغرض طبع حوالہ کمترین فرمایا تھا - مگر افسوس ہے کہ آپ کی حیات مین یہ مجموعہ مکمل ہوکر طبع و شایع نہ ہونے پایا تھا کہ یکایک بتاریخ ۸ ماہ اگست سنہ ۱۹۱۱ء مطابق ساون سدی ۱۴ سمت ۱۹۶۸ بکرمی بمقام نارنول آپ کا انتقال ہوگیا - پس اب بہ یادگار جناب بابو صاحب معزیہ مجموعہ بعد تکمیل و ترتیب بشمول کرسی نامہ و شجرہ بھا مسہ بھاجی صاحبان شامل برادری (تاحد علم) بہ نام نہاد بنبا ولی خاندان سنگھیان نارنول طبع کیا جاتا ہے - چونکہ بابو صاحب سورگ باشی نے کرسی نامہ سمت ۱۹۵۸ بکرمی مین قلمبند فرمایا تھا - اس لئے ابتک کا سلسلہ نسل بھی (تاحد علم) شریک کرسی نامہ کر دیا گیا ہے - اور جو بہت سے اصحاب لاپتہ لکھدئے گئے تھے ان مین کسے بھی اکثر صاحبان کی اولاد کا پتہ لگاکر تمامی موجودہ برادری کا مقام سکونت بھی کرسی نامہ مین درج کردیا گیا ہے - اب جس قدر صاحبان برادری لاپتہ رہ گئے ہین اُن کی دو فہرست کرسی نامہ مین درج کردئے گئے ہین اگر ان صاحبان کی اولاد مین سے کوئی صاحب کسی مقام پر سکونت پذیر ہون تو براہ کرم اپنا شجرہ نسب صاحب لاپتہ تک راقم کے پاس ارسال فرماکر اپنے مفصل پتہ و سکونت سے مطلع فرمادین اور مجموعہ ہذا طلب فرماکر اس مین صحت فرمالین

ایشور وہ دن کرے کہ ہمارے بقیہ بچھڑے ہوئے بھائیون کا پتہ لگ جاوے - سجن بھائیؤ
اگرچہ کہ اس کتاب کا مقصد صرف کرسی نامہ سنگھیان بتلانا ہے - مگر قبل اس کے کہ کرسی نامہ
کا آغاز کیا جاوے مہاراجہ اگرسین جی مورث قوم اگروال کے بزرگان کا سلسلہ بنساولی اور
اُن کی سلطنت وزراء و فرزندان و گوتر وغیرہ کے حالات بھی درج کرنا ضروری ہین جن کی
اولاد ہونے کا شرف ہمکو حاصل ہے لہذا بلحاظ ضرورت و دلچسپی معزز ناظرین اختصاراً درج
کرکے مجموعہ ہذا دو باب پر تقسیم کیا گیا - باب اول بنساولی مہاراجہ اگرسین جی
مشتملبر چھہ فصل - باب دوم بنساولی سنگھیان مشتملبر چار شاخ

باب اول

فصل اول - سلسلہ بزرگان مہاراجہ اگرسین جی - **فصل دوم** حالات سلطنت مہاراجہ
اگرسین جی - و انتخاب وزراء **فصل سوم** - حالات راج کماران مہاراجہ اگرسین جی و تعلیم وغیرہ
فصل چہارم - سترہ گدی اور اٹھارہ گوتر - **فصل پنجم** شادی راجکماران مہاراجہ
اگرسین جی - **فصل ششم** تباہی پسران مہاراجہ اگرسین جی و تباہی شہر آگرہ - وفات
مہاراجہ اگرسین جی - آبادی اگروہہ - و دو امی بربادی اگروہہ وغیرہ

باب دوم

شاخ اول - حالات مورث اعلی ساول ساہ صاحب تا گنگا داس نہال چند صاحبان
سنگھی - **شاخ دوم** - بنساولی اولاد گنگا داس صاحب مشتملبر دس تھامبہ **شاخ سوم**
بنساولی اولاد نہال چند صاحب مشتمل بر تین تھامبہ **شاخ چہارم** بنساولی بھانجہ صاحبان

چونکہ تمام برادری سنگھیان کا ایک شجرہ مکمل طبع ہونا محال ہے اسلئے شجرہ خاندان سنگھیان بدرج حرف (الف) چودہ حصون پر حسب ذیل تقسیم کرکے اور شجرہ تھامبہ بھانجہ صاحبان بدرج حرف (ب) مختلف حصون پر حسب ذیل تقسیم کرکے اس مجموعہ کے آخر مین منسلک کئے گئے۔

(۱) **الف** حصہ شجرہ خاندان سنگھیان از ابتدائی مورث اعلی سانول ساہ صاحب تامورثان تھامبہ۔

نمبر (۱) تھامبہ ٹھاکر سنگجی۔ **نمبر** (۲) تھامبہ ہرکشن لال صاحب۔ **نمبر** (۳) تھامبہ پرسرام صاحب۔ **نمبر** (۴) تھامبہ جادورائے صاحب۔ **نمبر** (۵) تھامبہ سانول داس صاحب **نمبر** (۶) تھامبہ شرسین صاحب۔ **نمبر** (۷) تھامبہ سیرام صاحب۔ **نمبر** (۸) تھامبہ اودیچند صاحب۔ **نمبر** (۹) تھامبہ رام داس صاحب۔ **نمبر** (۱۰) تھامبہ بھوانی دت صاحب۔ **نمبر** (۱۱) تھامبہ رام سکھ داس صاحب۔ **نمبر** (۱۲) تھامبہ ہردے رام صاحب **نمبر** (۱۳) تھامبہ وٹھل داس صاحب۔

(۲) **ب**۔ (۶) شجرہ جات تھامبہ بھانجہ صاحبان۔

چونکہ اس مجموعہ کی ترتیب وتالیف مین جناب لالہ پریالال صاحب سنگھی وجناب لالہ ہردیو سہائے صاحب سنگھی نے خاص طور پر قابل قدر وقیمتی مشورے دئے ہین اس لئے صاحبان موصوف کا خاص طور پر تہ دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے اور چونکہ صاحبان معزز کے علاوہ اکثر اور بھی معزز صاحبان برادری نے نسل خاندان کے نام وپتہ وغیرہ کے تبلانے مین دلی امداد فرمائی ہے پس جمیع صاحبان برادری کا بھی تہ دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ آخر مین معزز بزرگان و برادران سے بادب التماس ہے کہ اسمین جو کچھ غلطی سہو کتابت یا لاعلمی سے رہ گئی ہو تو اُن غلطیون کو اپنے بزرگانہ عنایت سے نظر انداز فرما کر اصلاح وتکمیل فرمالین بلکہ بعد وصول مجموعہ ہذا اگر اس احقر کو بھی بحوالہ صفحہ وسطر کتاب ہذا واپنی مقام سکونت وپتہ سے ایما فرما کر مشکور فرماوین گے تو ممکن ہے کہ معزز برادری کی توجہ عالیہ سے دوسری ایڈیشن مین صحت ہوسکے جن صاحبان برادری کی خدمت مین یہہ مجموعہ نہ پہونچ سکے وہ اپنی پتہ سے

ایکا فرماکر احقر سے طلب فرما سکتے ہین ۔ جبکو اس کمترین نے بطریق خدمت گذاری برادری تالیف کرکے طبع کرایا ہے ۔ آخر مین ہر ہمیشر سے التجا ہے کہ ایسی کتابین اب بھی آپ ہمارے موجودہ برادری اور آیندہ نسلون پر ایسی کرپا کرین کہ ہم تمام برادری اور ہماری سب کی آیندہ نسلین ہمارے پچھلے بزرگان کے موافق با اقبال با اولاد و باخیر ہوکر باہم متفق شیر و شکر ایک دوسرے کے ہمدرد رہتے ہین اُن بزرگون کے عکس ثابت ہون ۔

کمترین

گوپی لال گنپت لال سنگھی خلف بدری پرشاد جی ورام دیال جی انبان

جناب بخشی بیربھان داس جی حال چارکمان حیدرآباد دکن مولف کتاب ہذا

متی سراون سدہ پونم سمت ۱۹۶۹ بکرمی مطابق ۲۷ اگسٹ ۱۹۱۲ء

بنساولی مہاراجہ اگرسین جی

فصل اوّل - سلسلہ بزرگان مہاراجہ اگرسین جی

سب سے اول (برہما جی) برہما جی کے فرزند (ماریچ) ماریچ کے فرزند (مہاراجہ کشیپ) مہاراجہ کشیپ کے فرزند (شاہ بھومن) ان کے دو فرزند (اُوتان پاد) و (پریہ برت) اُوتان پاد کے فرزند (دکش پرجاپت) چونکہ ان سے اگرسین جی کو تعلق نہیں ہے اس لئے ان کا سلسلہ یہیں چھوڑ دیا جاتا ہے۔

مہاراجہ (پریہ برت) خلف دوم مہاراجہ (شاہ بھومن) کے فرزند یا قائمقام (اگنی) اگنی کے فرزند (بھیم پورکھ) بھیم پورکھ کے فرزند (ست) ست کے فرزند (نابھ) نابھ کے فرزند مشہور عالم مہاراجہ (بھرت چکرورتی) ہوئے جن کے نام نامی سے آج تک یہ ملک بھرت کھنڈ کہلاتا ہے۔ مہاراجہ بھرت جی کے پتر (تاسن) تاسن کے پتر (دویش) دویش کے پتر (سانت) سانت کے پتر (الکھنڈا) الکھنڈا کے پتر (جھم) جھم کے قائمقام پتر (سمرتھ) سمرتھ کے پتر (اونی) اونی کے پتر مہاراجہ (رکھش) ان کے دو فرزند (سورج) و (چندر) پیارے ناظرین انہی دونوں کے نام سے آئندہ مہاراجگان سورج بنسی و چندربنسی مشہور ہوئے ہیں - چونکہ مہاراجہ اگرسین جی کا تعلق خاندان سورج بنسی سے ہے اسلئے مہاراجہ

چندر یعنے چندر بنس کے سلسلہ کو یہین چھوڑکر مہاراجہ سورج یعنے سورج بنس کے سلسلہ کو
لیا جاتا ہے - مہاراجہ (سورج) کے فرزند مشہور زمانہ مہاراجہ (منوجی) عرف بیوست منو
جن کی تصنیف منوسمرتی ابتک تمام دنیا مین بے نظیر و قابل عزت مانی جاتی ہے - مہاراجہ
منو کے فرزند (اکشواک) اکشواک کے فرزند (انرن) انرن کے فرزند (پرتھو) پرتھو
کے فرزند (ترشنکو) ترشنکو کے فرزند قایمقام (بشوگندہ) بشوگندہ کے فرزند (جبیدر)
جبیدر کے فرزند (جمناس) جمناس کے فرزند (سیجے) سیجے کے فرزند (ھری بد) ہری بد کے
فرزند (کوبتیاسر) کوبتیاسر کے فرزند (وری دہاسر) وری دہاسر کے فرزند (ہرجس)
ہرجس کے فرزند (نکمبھ) نکمبھ کے فرزند (سہیاسر) سہیاسر کے فرزند (تری ساسوتی)
تری ساسوتی کے فرزند (کردش جی) کردش جی کے فرزند (سینجیت) سینجیت کے فرزند
(دھندمار) دھندمار کے فرزند (مہارتی بونیاس) یہ بڑے پرتاپی ہوئے ان کے فرزند
مہاراجہ (ماندھاتا) چکرورتی - مہاراجہ ماندھاتاجی کے دو فرزند اول مہاراجہ (پریکشش) جو راج گدی
کے مالک ہوئے اور انہین کی چوبیسوین پشت مین مہاراجہ دشرتھ جی جن کے خلف اکبر
شیرمان مہاراجہ (رام چندرجی) ہوئے جن کو آج تک تمام دنیا ایشور کا اوتار مانتی ہے - چونکہ
یہان سے مہاراجہ اگرسین جی کا سلسلہ مہاراجہ امبرکھیہ برادر خرد مہاراجہ پریکشش خلف دوم
مہاراجہ ماندھاتاجی سے چلا ہے - لہذا ہم اسی سلسلہ کو لیتے ہین - مہاراجہ امبرکھیہ جی خلف دوم
جو راجگدی کے مستحق حسب رواج خاندانی نہین تھے اسلئے مہاراجہ ماندھاتاجی نے حسب دستور
قدیمہ اپنے خلف اکبر مہاراجہ پریکشش کو راج کا مالک بنایا اور چھوٹے فرزند مہاراجہ امبرکھیہ کو ملک
پنجاب مین ایک جاگیر عطا فرمائی اور خود حسب رواج تپشیا کرنے کے لئے راہ جنگل اختیار کی - مہاراجہ
امبرکھیہ جی نے اپنی جاگیر مین اپنے نام سے ایک شہر موسومہ (امبرسر) آباد کیا جو ابتک
امرتسر کے نام سے مشہور و معروف ہے اسکو اپنا دارالخلافہ قرار دیکر اقصاء عالم مین بہت
سے ممالک اپنے قبض و تصرف مین لائے - ان کے فرزند (دھومارکھ) دھومارکھ کے فرزند
(جمنارکھ) جمنارکھ کے فرزند (سدارکھ) سدارکھ کے فرزند (سلم رکھ) سلم رکھ کے پتر (جون رکھ)
جون رکھ کے فرزند (اننت رکھ) اننت رکھ کے فرزند (سنگم رکھ) سنگم رکھ کے فرزند

(کردس رکھ) کردس رکھ کے فرزند (کردسیہ رکھ) ان کے فرزند (مہی رکھ) مہی رکھ کے فرزند (ہنسر ارتھ) ہنسرارتھ کے فرزند (برم رکھ) برم رکھ کے فرزند (پرکاش) پرکاش کے فرزند (ناس) ناس کے فرزند (بھاگ) بھاگ کے فرزند (روت) روت کے فرزند (موہان) موہن کے فرزند (حلبنگدہ) ان کے فرزند (تیم رکھ) تیم رکھ کے فرزند (برم سین) برم سین کے فرزند (دہرم سین) دہرم سین کے فرزند (امرسین) امرسین کے فرزند (برہت) برہت کے فرزند (سنھو رکھ) جنکے نام سے ضلع گڑگانوہ مین قصبہ سنھو سرا ابتک آباد ہے۔ ان کے فرزند قایم مقام (بین دت) بین دت کے بیٹے (مدہ ماسگ) ان کے فرزند (کرمند رکھ) کرمند رکھ کے فرزند (میر رکھ) میر رکھ کے فرزند (بیردھر) بیردھر کے فرزند (اہمنت رکھ) اہمنت رکھ کے فرزند (شیام دت) شیام دت کے فرزند (سوبھاگ دت) سوبھاگ دت کے فرزند (چوڑامن) چوڑامن کے فرزند (پورنا کھد) پورنا کھد کے فرزند (بہی لوگ) بہی لوک کے فرزند (گجرادہ رکھ) گجرادہ رکھ کے فرزند (ہری دواج) ہری دواج کے فرزند (دھراج) دہراج کے فرزند (انگادیبی) انگادیبی کے فرزند (مہاراجہ مہی دہر) ہوئے جنھون نے شہر مہرآباد کرکے اپنا دارالخلافہ بنایا جو آج تک ریاست مہیڑ کے نام سے مشہور ہے۔ آپ کے دو فرزند ایک مہاراجہ (اگرسین جی) جن کی اولاد ہم سب اسوقت ویش اگروال کہلاتے ہین۔ دوسرے کنور (بل اندرسین جی) جن کی اولاد مین تمام فرقہ جات راجپوت صاحبان موجود ہین۔

معزز ناظرین چونکہ ہم کو مہاراجہ اگرسین جی کی اولاد ہونے کا فخر حاصل ہے۔ اسلئے ہم انہین کی اولاد کے حالات تحریر کرین گے۔

فصل دوم حالات سلطنت مہاراجہ اگرسین جی

انتخاب وزراء

مہاراجہ اگرسین جی مورث قوم اگروال آریہ ورت سمت ۱۹۶۰۸۴۵۵۷۲ مین مہابانی میدکنوبالی

دختر راجہ (مہندی سُر) والی مندشور کے لطن سے بخانہ راے رایان مہاراجہ مہی دھر بمقام مہرٹہ دارالسلطنت آج سے (۴۰۴۷) سال قبل پیدا ہوئے اور حسب رواج خاندان قدیمہ آپ کے نام پر دریاے جمنا کے کنارہ ایک شہر آگرہ آباد کیا گیا - اوس زمانہ مین چوری زناکاری وغیرہ جرایم دست متانستر کا نام نہین تھا بلکہ ہر استری پرش وید ودیا پڑہکر اپنے اپنے مفوضہ کام کو ویدانکول چلاتے تھے - اور جرایم کی سزا حسب احکام منوسمرتی دیجاتی تھی - عالم باعمل ورشی مہاتما برہمن وبھاٹ لوگ مشیر ومحافظ وسفیر سلطنت ہوا کرتے تھے - اور اسی طرح پنڈت برہمن ورشی منی لوگ راجا و پرجا کو ودیادان دیکر اپنے ست سنگ سوادھیاسے راہ راست پر رکھتے تھے اور ہر شخص برہم چریہ وغیرہ آشرم وورن کا پابند حسب قواعد واحکام وید ومنوسمرتی رہا کرتا تھا مہاراجہ مہی دہر اپنی ۱۲۰۰ سالہ عمر مین جبکہ مہاراجہ اگرسین جی کی عمر صرف ۲۵ سال کی تھی آریہ ورت سمت ۵۶۰۷ء ۱۹۶۰۸ مین آپکو اپنا جانشین کرکے خود تارک الدنیا ہوگئے مہاراجہ اگرسین جی نے صرف پانچ سال اپنی موروثی راجگدی پر حکمرانی کرکے راجگدی اپنے چھوٹے بھائی بل اندرسین جی کو جو آپ سے پانچ سال چھوٹے تھے راجہ کا خطاب دیکر اپنی چالیس سالہ عمر مین بعد تیاری وآئینہ بندی شہر آگرہ کو اپنا دارالخلافہ بنایا اور اپنی موروثی اولوالعزمی وشجاعت ولیاقت علمی سے تمام بھارت ورش اور اسکے اطراف کے راجاؤن کو اپنا زیر اثر وخوشہ چین بناکر اسومیدہ یگیہ یعنے جشن تاجپوشی کرکے مہاراجہ یعنے (شہنشاہ) کا لقب اختیار کیا - جشن تاجپوشی کے بعد آپ کو پانچ شخص عالم باعمل وتجربہ کار وزرا کے انتخاب کی ضرورت لاحق ہوئی چنانچہ آپ نے بہ تقرر تاریخ اپنے تمام ممالک مین عام منادی کرادی کہ بمقام دارالسلطنت فلان روز عالم باعمل وپنڈت وبرہمن مہاتما رشی منی لوگ جمع ہون اوس روز دربار عام مین مین اپنی سلطنت کے انتظام کے لیے چند وزراء کا انتخاب کرون گا -

چنانچہ روز مقررہ پر دارالسلطنت آگرہ کے متصل ایک وسیع میدان مین جو اس دربار عام کے لیے پہلے سے تجویز کرکے آراستہ کردیا گیا تھا - بڑے بڑے منی رشی مہرشی عالم باعمل پنڈت برہمن یوگی مہاتما (علاوہ تماشہ بینون کے) تیس ہزار کی تعداد مین

جمع ہوئے۔ تمام حاضرین کی اپنی اپنی قابلیت کے لحاظ سے یہی خواہش تھی کہ یہ عہدہ ضرور مجھکو ملے گا۔

جس وقت تمام دربار بھر گیا اوسوقت مہاراجہ اگرسین جی اپنی جگہ سے اُٹھکر اہل دربار و حاضرین سے مخاطب ہوئے کہ معزز حاضرین و پیارے دوستو مجھکو ایسے پانچ شخصون کی ضرورت ہے جو رکن سلطنت بننے کی قابلیت رکھتے ہون اور جنھون نے کام۔ کرودہ لوبھ۔ موہ چارون چیزون کو اپنے آدھین کر لیا ہو۔ ازان جملہ کوئی ایک صاحب میری یہ دلجمعی کرے کہ منش کس کو کہتے ہین۔ حاضرین دربار سے (سینی رکھ) اُٹھکر ہاتھ باندھکر کہنے لگے کہ مہاراجہ اس سوال کا جواب مین عرض کرتا ہون۔ مہاراجہ نے فرمایا کہ بیان کیجئے۔

سینی رکھ۔ منش اوس کو کہتے ہین جو منسا۔ باچا۔ کرمنا سے کسی کو نہ ستائے اور نہ کام۔ کرودہ۔ لوبھ۔ موہ کے قابو مین ہو۔ چترائی سے کام کرے دیاونت و نیاءکاری ہو۔ اور دنیا کے تمام علوم کا عالم ہو شجاع و بہادر ہو۔ پس جو شخص ان صفات سے متصف ہو وہ منش کہلانے کے قابل ہے۔

مہاراجہ نے ارشاد فرمایا کہ آپ کا جواب معقول ہے آپ میری سلطنت کے وزیر بننے کے لایق ہین اسلئے آپ تخت کے قریب کے سنگاسن پر تشریف رکھین چنانچہ سینی رکھ مہاراج کے حکم کے مطابق آسن پر جا بیٹھے۔ ازان بعد مہاراجہ نے مجمع سے مخاطب ہوکر سوال کیا کہ مہاتماؤ۔ میرے پہلے سوال کا جواب مہاتما سینی رکھ دے چکے ہین۔ مگر اب میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ منش کتنے قسم کے ہوتے ہین جو مہاتما جانتے ہون وہ اس پرشن کا اُتر دین۔

معزز ناظرین۔ اس سوال کے ساتھ ہی پندرہ منٹ تک تمام حاضرین خاموش ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔ پاؤ گھنٹہ کے بعد ایک پنڈت بیل کرن نامی مجمع سے اُٹھکر تخت گاہ کے قریب اداب شاہی بجا لاکر مہاراج سے ہم کلام ہوئے کہ اے شہنشاہ منش تین قسم کے ہوتے ہین۔

(۱) دیوگن (۲) منش گن (۳) پشوگن - ازان جملہ منش دیوگن ایسے انسان کو کہتے ہین جو کامی کرودھی تو ہو مگر گیان ضرور رکھتا ہو - اور گیان کے ذریعہ سے کام کرودھ کو دباتا ہو - پشوگن - ایسے انسان کو کہتے ہین جسکو گیان نہین ہو اور وہ ہمیشہ کام کرودھ کے قید مین سر سے پاون تک ڈوبا ہوا ہو - چونکہ انسان کی تعریف مجھ سے اول مہاتما سینی رکھو جی عرض کر چکے ہین - اسلئے مین زیادہ وضاحت کرنے سے باز رہکر اس قدر عرض کرتا ہون کہ منش وہی ہے جو کرم اندری و گیان اندری پر حاوی ہو - ہاتھ - پیر - اور دیگر اعضاے جسمانی کرم اندری ہین اور آنکھ کان ناک وغیرہ گیان اندری ہین - لہذا گیانوان آدمی ہی منش کہلانے کا ادھی کاری ہے -

مہاراجہ اگرسین جی نے فرمایا کہ بالکل درست ہے آپ بھی مہاتما سینی رکھو کے پاس براجمان کرن بھی حسب اجازت مہاراجہ سنگاسن پر جا بیٹھے -

اسکے بعد مہاراج نے اہل مجلس سے تیسرا سوال اس طرح فرمایا پیارے بھائیو - منش دیہہ مین ایسی کیا چیز ہے جو بے وجود ہے اور موجود ہے -

اسکے جواب مین اہل دربار سے (کونپل رشی) اوٹھکر گویا ہوے کہ مہاراجہ جسم مین وہ جیو ہے جو بولتا ہے اور دنیا کے تمام کاروبار کراتا ہے -

مہاراجہ نے کونپل رشی سے فرمایا - بہتر - مہاتما جی آپ بھی آسن پر تشریف رکھین - چنانچہ کونپل رشی نے بھی تعمیل ارشاد کی -

اسکے بعد پھر مہاراجہ مجمع سے مخاطب ہوے کہ پیارے سجن مترو آپ مین سے کوئی ایک مجکو جیو کے موجود ہونے کا ثبوت دین - چنانچہ دربار عام مین سے چوتھے صاحب (رنگ راج) نامی اوٹھکر اس طرح گویا ہوے کہ مہاراجہ آپ کے اس سوال کا جواب پانچ سال کا بچہ بھی دیسکتا ہے -

اسوجہ سے کہ اول تو جیو بے وجود ہے اور چونکہ بے وجودی کی حالت مین بولتا ہے اس لئے موجود ہے اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ سپن و مدہوشی کی حالت مین سب سے بے خبر ہوجاتا ہے مگر اپنے کو یاد رکھتا ہے بھولتا نہین - اور یہی اس کے موجود

ہونے کا ثبوت ہے۔

ابھی یہ گفتگو ختم ہوئی تھی کہ مجمع عام سے (بجے راج) نامی ایک صاحب مہاراجہ کے سامنے حاضر ہوکر گویا ہوئے کہ مہاراجہ سینی کھیل کرن۔کونیل رشی۔رنگ راج نے جو جو باتیں اسوقت کہیں وہ تمام میں نے بھی سنیں۔مگر کسی صاحب نے بھی کام کرودہ۔لوبھ۔موہ۔کے جیتنے کی بات نہیں کی اسلئے مجھے ایک کبت یاد آیا ہے۔

کبت

راج کے ہی کاج دیکھے بھومی پت سرتاج دیکھے جن کے ہاتھی جھوم رہے گھر مین +
منی تو انبول دیکھے جوگی بھی سرکھول دیکھے ست پھرت کیس بڑہائے تن مین *
دھنی اور دھناڈ دیکھے مایا کے بھرپور دیکھے جو دھن کو کھوجت پھرین بن مین +
جنم کے ہی دکھی دیکھے جنم کے ہی سکھی دیکھے پر ایسو کوئی نہ دیکھو جاکے لو بہ نہین من مین *

اسے پرتھوی پت ایسا تو سنسار مین کوئی منش نہین ہے جسکو لوبھ نہین پھر آپ تو ایسے منش کی خواہش فرماتے ہین جسکو کام۔کرودہ۔لوبھ۔موہ۔یہ چارون نہون۔میرے خیال مین ایسا کوئی منش دنیا مین نہین ہے۔اسلئے کہ اول تو کرودہ کا جیتنا بہت ہی مشکل ہے۔دوسرے کام دیو کا قابو مین رکہنا کام رکھتا ہے۔

مہاراجہ اگرسین ۔ بیان کیجئے کہ کرودہ کس طرح جیتا جاتا ہے۔

بجے راج ۔ مہاراج انسان کو کرودہ اسی وقت ہوتا ہے جب اسکو اسکی امید مین ناکامی یا مایوسی ہوتی ہے۔اس لئے انسان کو لازم ہے کہ حسب ذیل (۲۱) باتون کا پابند ہوجاوے۔

(۱) انسان اپنے لئے کوئی ایسی بڑی جگہ کی خواہش جو اسکو نمل سکے نہ کرے۔ (۲) اپنے خوبصورتی اور اپنی مالداری اور اپنا بڑا رتبہ دیکھکر غرور نکرے (۳) بلا وجہ کسی سے چھیڑ چھاڑ لڑائی جھگڑا نکرے (۴) کسی سے ہنسی ٹھٹھہ نکرے (۵) اپنی قوت اور ودیا و گنون پر گھمنڈ نکرے۔ (۶) کسی پر ظلم و سختی کرکے نہ ستاوے۔(۷) کسی سے دہوکہ ہی

بے وفائی بدعہدی و بے انصافی کی بات نکرے (۸) اپنے دوستون سے کھوات نہ کرے (۹) کسی سے ایسی چیز نہ مانگے جسکو وہ نہ دے سکے۔ اور نہ تو واہ مخواہ بحث و اصرار کرے (۱۰) جھوٹ اور خوشامد کی بات نکرے بلکہ ندامت و ملامت ہونے کی جگہ بھی نجائے۔ (۱۱) چت کو ایکسو رکھکر ڈانواں ڈول نہونے دے اور دشمن کے طعن سہے۔ (۱۲) کسی مصیبت کے وقت رنج و افسوس نہ کرے نہ غمگین بنا رہے۔ (۱۳) خود کسی سے کوئی برائی کی بات نہ کرے۔ اگر کوئی دوسرا اپنے ساتھ کچھ حرکت بیجا یا برائی کرے تو اپنے آپ کو قابو مین رکھکر بے صبر نہو (۱۴) کوئی کام عیب و برائی کا نہ کرے (۱۵) غریبون اور بیکسون پر ہمیشہ رحم کرتا رہے۔ (۱۶) ہر کام کے نتیجہ کو اول غور کرکے کرے (۱۷) سستی اور کاہل وجودی سے آج کا کام کل پر نہ رکھے۔ (۱۸) اپنی عزت آبرو کو ہمیشہ نگاہ رکھے۔ (۱۹) مصیبت مین بردباری کو نہ چھوڑے (۲۰) ستیارون کے زور اور انکے سامان کو دیکھکر نہ ڈرے (۲۱) مال کے کھو جانے برے کام کے کرنے کا افسوس نہ کرے بلکہ نیک کام پر جان تک دے ڈالے۔

مہاراجہ انہی باتون پر عمل کرنے سے کرودہ جیتا جاتا ہے۔ اور جب منش کام دیو کو بھی جیت لیتا ہے اسوقت وہ گیانی کہلاتا ہے۔

مہاراجہ اگرسین جی۔ کام دیو کے جیتنے کے طریقے بھی بیان کیجئے۔

بجیراج۔ مہاراج کام دیو کے جیتنے کے لئے انسان کو حسب ذیل کرم کرنی چاہیئین (۱) بدنامی سے ڈرتا رہے بدکاری کے پاس نجائے اور نہ کوئی ایسا کام کرے جس سے دوسرے کو رنج یا نقصان پہونچے (۲) ہر انسان کے ساتھ احسان کرے اور نرمی سے پیش آئے (۳) ہر روز مختلف قسم کی نئی نئی ودیاؤن کے سیکھنے کی کوشش کرتا رہے (۴) ہر انسان سے محبت اور خلوص کے ساتھ ملے (۵) من کو برا کام کرنے سے روکے (۶) جسوقت دل بدکاری کی طرف رجوع ہو اپنی امیدون کو چھوڑ دے (۷) جو ملے اسی کو غنیمت جانے (۸) غیرون کے مال کو برائی کی نظر سے نہ دیکھے اور اپنے محنت سے پیدا کرتا رہے (۹) اپنی امید کے مقابلہ مین دوسرے کی امید کو اچھا خیال کرے (۱۰) کسی

کی ضرورت کے وقت بہتر سے بہتر چیز بھی دیدے (۱۱) اپنے سے برائی کرنے والے
کے ساتھ معاوضہ کا ارادہ نہ رکھے (۱۲) اپنے دوستون عزیزون رشتہ دارون
کی بدگوئی نہ سنے (۱۳) دھوکہ دہی اور بھیک مانگنے سے پرہیز کرے (۱۴) تمام دنیا کی
ودیا پڑھکر عالم با عمل بنے (۱۵) خیال - فعل - قول مین ہمیشہ سچائی کو مدنظر رکھے اور
جس طرح اپنے آپ سے محبت رکھے ویسی ہی دوسرون سے بھی محبت رکھے (۱۶)
پریتی سے دوستون بھائیون وغیرہ سے ملے اور ان کی امداد کو ضروری خیال کرکے
وفادار بنا رہے (۱۷) ہمت اور مستقل مزاجی کو اپنا شعار بنائے رکھے اور کسب ہنر
جو کچھ کہ اپنے کو آتا ہو دوسرون کو بتانے مین بخل نہ کرے (۱۸) نفع کا معاوضہ فوراً دے
ڈالے اور شراکت کے معاملہ مین شراکت دار کو رنج نہ پہونچاوے (۱۹) ہر ایک آدمی
سے صاف دل رہکر پریتی پوربک ملتا رہے - (۲۰) مقدر پر سنتوش رکھے اور سنتوش
(یعنے صبر کو) اپنا متر جانے (۲۱) چت کو شدہ آچرن سے نرمل و صاف رکھے (۲۲)
دنیا کے ساز و سامان کو پاکر ایشور کو فراموش نہ کرے (۲۳) دنیاوی ساز و سامان کو چھوڑکر
جنگل مین نہ بسے (۲۴) مدرا اور مانس کا سیون نہ کرے اور سب اندریون کو گیان کے
قابو مین رکھے (۲۵) اپنے برے کرمون کو گیان کی آگ سے جلاتا رہے (۲۶) پراوپکار کے
کام کرتا رہے - مہاتماؤن سے ملتا رہے - نیچ کامون سے بچتا رہے - اے مہاراجہ جب
انسان اتنے کام کرے اُسوقت کام دیو کو جیت سکتا ہے -

مہاراجہ اگرسین جی - سچ ہے آپ بھی پردھان بننے کے قابل ہین - معزز ناظرین جب
مہاراجہ اور بجے راج کا مکالمہ ہو چکا اُسوقت مہاراجہ نے تمام درباریون کو حسب حیثیت
رخصتانہ دیکر رخصت کیا اور ان پانچون صاحبان یعنے سیٹھی رکھ - بیل کرن - کوبیل رشی
رنگ راج - بجے راج کو اپنی سلطنت کے وزیر مقرر کرکے راج کاج کرنے لگے -
کچھ عرصے بعد رنگ راج و بجے راج پردھانون نے مہاراجہ سے عرض کیا کہ پرتھوی پتی
آپ کو جتیندری نہ رہنا چاہیے آپ کو ایشور نے بھومی پت کیا ہے اس لیے اگر آپ
شادی نہ کرینگے تو علاوہ اولاد نہونے کے سلطنت کا رہنا بھی مشکل ہوگا اس سے مہاراج

راے ہے کہ آپ دو شادی کرین جس سے اولاد ہونے کے علاوہ آپ بڑے کرمون سے بچ جائینگے - مہاراجہ نے کچھ دیر غور و تامل کے بعد جواب دیا کہ بہتر ہے انتظام کیا جاوے - مہاراج کا حکم پاتے ہی رنگ راج نے راجہ دھنپال والی چمپاوتی کی راجکماری (دھنپالہ) سے اور بیجے راج نے راجہ سندرسین والی پوہم شہر کی راجکماری (سندراوتی) سے آپ کی شادیون کی تجویز کی اور آپ نے اپنی دو شادیان کین اور دونون مہارانیون کے بطن سے نو نو لڑکے پیدا ہوے - جن کی تفصیل حسب ذیل ہے -

فصل سوم حالات اولاد مہاراجہ اگرسین جی و تعلیم وغیرہ

بیربھان - باسدیو - امرت سین - اندرمل - تاراچند - تنبول - تارسنگھ - مادھوسین - گودھر یہ نو راجکمار رانی دھنپالہ جی کے بطن سے پیدا ہوے -

پُشپ دیو - گیندومل - کرن چند - منی پال عرف کانکندہ - بلندہ - ڈھاڈیو - جیت جنگ - منتر پتی - سندرپت - یہ نو راجکمار رانی سندراوتی جی کے بطن سے پیدا ہوے - ان مین سب سے بڑے پُشپ دیو جی راج کنور اور ولیعہد سلطنت کہلاتے تھے - جسوقت تمام لڑکے تعلیم کے قابل ہوے اسوقت مہاراج نے بمشورہ اپنے وزراء کے ایک دربار عام رشی منی پنڈتون کی سبھا کرکے اپنی تمامی پر دھان سینی - کہ وغیرہ اور سبھاسدہ لوگون سے مخاطب ہوکر کہنے لگے کہ اے میرے سلطنت کے قوت بازو اور راس کو سنبھالنے والو رشی - منی - پنڈت مہاتماؤ - میرے پتر وِدیا گرہن کرنے کے لایق ہوچکے ہین اسلئے مین آپ صاحبان سے پرشن کرتاہون کہ اون کو کس کس جگہ کس کس مہاتما کی گدی کا چیلہ بناکر وِدیا گرہن کے لئے روانہ کرون - اس پرشن کے ہوتے ہی تمام حاضرین دربار خاموش ہوگئے اور سناٹا چھاگیا - چونکہ اس وقت دربار مین مہامنی یا گیہ ولکی جی بھی موجود تھے جنہون نے بہت زمانہ سے مون دھارن کرکھا تھا - مگر جب دیکھا کہ مہاراجہ کے پرشن کا جواب کوئی نہین دیتاہے اور مہاراجہ کا پرشن پنڈت مہاتما - رشی منی سب

تھا۔ اس لئے مہا منی پاتنجلی جی کو مجبوراً اپنا ڈیڑھ سو سال کا مون برت توڑنا پڑا۔ کیونکہ سبھا مین موجود رشی کے سوال کے جواب کو جانتے ہوئے جواب نہ دینا دہرم شاستر کے خلاف ہے۔ مہا منی پاتنجلی جی نے فرمانے لگے کہ مہاراجہ آپکی سبھا کے تمام ودوانون نے منہ کو اس وقت تالے لگا لئے ہین اس لئے مین اپنا مون برت توڑکر کہتا ہون کہ اسوقت سترہ گدی پرستون کی موجود ہین جن کے جانشین بھی بڑے ودوان عالم باعمل تارک الدنیا رشی و مہاتما تپیائی یوگ ہین اسلئے آپ انہی گدیون پر اپنے راجکمارون کو ودیا گرہن کیلئے بھیجئے اور ان کو انہی کا چیلہ بنائیے۔ مہاراجہ نے مہا منی جی سے عرض کی کہ وہ گدیان کن کن مہاتماؤن کی ہین اور اسوقت اون کے کون کون مہاتما جانشین ہین۔ اس سوال کے ساتھ ہی جملہ حاضرین دربار مہا منی جی اور مہاراجہ سے دست بستہ عرض کرنے لگے کہ ان سترہ گدیون اور انکی جانشینونکے نام تو ہم سب لوگ بھی جانتے ہین مگر چونکہ اس سبھا مین مہا منی جی بھی رونق افروز ہین اور ہم اپنے بزرگون سے سنتے آرہے ہین کہ یوگ ودیا مین مہا منی جی کے مقابل کوئی نہین ہے اور کوئی یوگ شاستر اس وقت موجود ہے۔ اس لئے ہم سب لوگون نے دیدہ دانستہ یہ گستاخی کی ہے اگر ایسا نہ کرتے تو مہا منی جی ہرگز اپنا مون برت نہ توڑتے اور نہ یوگ ودیا سے واقفیت کا موقع ہاتھ آتا۔ اس لئے آشا ہے کہ مہا منی جی ہمارا اپرادھ کشما کرکے ہم کو اون یوگون کی عمل ودیہی جو مہا منی جی جانتے ہین تبلاکر کرتارتھ کرین گے۔ مگر مہاراجہ اگرسین جی حاضرین دربار کے جانب سے منہ پھیر کر مہا منی جی سے عرض کرنے لگے کہ ہان ان گدیون اور ان کے جانشینون کے نام فرمائے۔ مہا منی جی نہایت غصہ سے فرمانے لگے کہ مجکو بڑا دہوکہ ہوا۔ اگر مین پہلے سے واقف ہوتا کہ آپ کی سبھا کے لوگ مجھ سے ایسا کپٹ کرین گے تو مین آج ہرگز دربار مین نہ آتا۔ پرنتو اب مین اپنا برت توڑ چکا۔ ایک چت ہوکر سنو۔

فصل چہارم سترہ گدی اور اٹھارہ گوتر

پہلی گدی گرگ جی[۱]۔ دوسری (گوتیمی جی[۲]) تیسری (بشنشٹ جی[۳]) چوتھی (کوشل منی)

پانچوین (برہسپتی جی) چھٹی (بشوا امتر جی) ساتوین (مدگل رشی) آٹھوین (تیل رشی) نوین (اتری رشی) دسوین (شانڈل منی) گیارہوین (شنکھی رکھ) بارہوین (کوشنا منی) تیرہوین (شانڈل منی) چودہوین (کوشک منی) پندرہوین (کودن رشی) سولوین (پاراسر جی) سترہوین (بھاردواج جی) مہاراجہ اگرسین جی نے عرض کیا کہ مہاراج یہ گدی سترہ ہین - اور میرے پتر اٹھارہ ہین - مہامنی جی نے فرمایا کہ کسی ایک گدی پر دو لڑکون کو بھیجدیجیے -

اے معزز بزرگو اور بھائیو جسوقت گدیون کے نام دریافت ہوچکے اس وقت مہاراجہ اگرسین جی نے بمشورہ مہامنی پاتنجلی جی حسب تفصیل ذیل راجکمارون کو گدیون پر دویا گرہن کرنے کیلیے بھیجوایا اور چیلہ بنایا اس لیے انہی گدیون کے جانشین آیندہ اولاد مہاراجہ اگرسین جی کے گرو اور پروہت مشہور و نامزد ہوے -

(۱) سب سے بڑے بیٹے پشپ دیو جی اور سب سے چھوٹے لڑکے دہرجی کو پہلی گدی گرگ رشی جی کے جن کے جانشین اوسوقت گرگ رشی تھے -

(۲) چودہوین لڑکے سندہاپت جی کو دوسری گدی گوتمی جی کی جہان اس وقت گوپل رشی گدی نشین تھے -

(۳) ساتوین لڑکے بیربھان جی کو تیسری گدی بششٹ منی کی جہان اسوقت بانسل رشی گدی نشین تھے -

(۴) آٹھوین لڑکے باسدیو جی کو چوتھی گدی کوشل منی کی جہان اوسوقت کانشل رشی گدی نشین تھے -

(۵) نوین لڑکے جیت جنک جی کو پانچوین گدی برہسپتی جی کی جہان اُسوقت جنیدل رشی گدی نشین تھے -

(۶) دسوین لڑکے منترپتی جی کو چھٹی گدی بسوامتر جی کی جہان اوسوقت منبھل رشی گدی نشین تھے -

(۷) گیارہوین لڑکے امرت سین جی کو ساتوین گدی مدگل رشی کی جس کے جانشین

اوسوقت منگل منی تھے۔

(۸) پانچوین لڑکے بلندہ جی کو آٹھوین گدی تیل رشی کی جسکے اسوقت جانشین ونڈل رشی تھے۔

(۹) بارہوین لڑکے اندل جی کو نوین گدی اتری رشی کی جس کے اوس وقت جانشین ایرن رشی تھے۔

(۱۰) تیرہوین لڑکے تاراچندجی کو دسوین گدی شاکل منی کی جس کے جانشین اوس وقت تایل رشی تھے۔

(۱۱) دوسرے لڑکے گیندل جی کو گیارہوین گدی سینگی رکھ جی کی جس کے جانشین اوسوقت سینگل رشی تھے۔

(۱۲) تیسرے لڑکے کرن چندجی کو بارہوین گدی کوشتامنی کی جس کے جانشین اوسوقت کچھل رشی تھے۔

(۱۳) پندرہوین لڑکے مقبول جی کو تیرہوین گدی سانڈل منی کی جس کے قایم مقام اوس وقت تینگل رشی تھے۔

(۱۴) چوتھے لڑکے منی پال عرف کانکندجی کو چودھوین گدی کوشک منی کی جس کے قایم مقام کوشل رشی تھے۔

(۱۵) سولوین لڑکے نارسنگھ جی کو پندرہوین گدی کودن رشی کی جسکے قایم مقام اوس وقت تانگل رشی تھے۔

(۱۶) چھٹے لڑکے ڈہاودیوجی کو سولہوین گدی پاراسرجی کی جس کے قایم مقام اوسوقت ڈھاسن رشی تھے۔

(۱۷) سترہوین لڑکے مادہوسین جی کو سترہوین گدی بہاردواج جی کی جس کے قایم مقام مدہوکل رشی تھے۔

معزز ناظرین۔ مہاراجہ اگرسین جی کی جو اولاد اسوقت دیش ورن مین پائے جاتی ہے انہین گدیون کے رشیون کے نام سے ساڑھے سترہ گوت مین مشہور ہے دراصل

گوتر کو زمانہ قدیم مین کُل (خاندان) کہتے تھے - چنانچہ وِدیاگرہن کے مقام کو گرو کُل کہتے تھے
اسلئے جن جن صاحب نے جن جن رشیون کے گرو کلون مین تعلیم پائی تھی اُون کی اولاد
ان ہی رشی کے نام سے بہ نام نہاد گوتر نامزد ہوئے - جنکی تفصیل حسب ذیل ہے
گرگ - گوئل - باتسل - جندل - کاشل - جمعتل - منگل - وندل - ایرن - تائل - سینگل
کچھل - تنگل - کوشل - ناگل - ڈہاسن - مدہوکل - گوان -
جملہ گوترا اٹھارہ ہین جو ساڑہے سترہ کہلاتے ہین - اسکی وجہ یہ ہے کہ کشیپ دیوجی و گنگو دہر جی
ایک ہی گدی کے چیلے اور ایک ہی جگہ ودیا حاصل کی تھی اسلئے دونون صاحبان کی اولاد
کی شناخت کے لئے کشیپ دیوجی کی اولاد گرگ گوتری نامزد ہوئے اور گنگو دہر جی کی اولاد
گوان گوتری نامزد ہوئے - چنانچہ یہ عام مقولہ ہے کہ گرگ مین سے گوان نکلا - گوان گوتر کے
لوگ چونکہ بہت کم ہین اور یہ گرگ جی کی گدی کے گرگ نام سے اخذ کیا گیا ہے اس لئے
نصف کہلاتا ہے -
ان راجکمارون کی اولاد بھی نسلاً بعد نسلاً ان ہی گدیون کو گرو اور پروہت مانتے رہے مگر
اور اُن گدیون کے جانشین بھی انقلاب زمانہ سے ودیا سے محروم رہکر اسکو اپنے موروثی
برت قرار دینے لگے -
ورنہ اصلی پروہت وہی ہین جن کا گوتر بھی وہی ہو کہ جن گوترون کے نام سے ہم مشہور ہین
جن خاندانون کے پروہتون کا گوترا اپنے گوتر سے نہین ملتا ہے اوس سے سمجھ لینا چاہئے
کہ یہ دراصل ہمارے قدیمی پروہت اور گرو نہین ہین بلکہ انقلاب زمانہ کی وجہ سے ہمارے
بزرگان مابعد نے ان کو اپنا پروہت مان لیا ہے - اور تغیر الفاظی کی وجہ سے بھی بہت
سے گوتر کے اصلی نامون مین اُلٹ پھیر ہوگیا ہے - ورنہ صحیح نام گوتر کے وہی ہین جو اوپر
عرض کئے گئے -
اب مین نہایت ادب سے ناظرین کی توجہ عالیہ مہاراجہ اگرسین جی اور مہامنی پاتنجلی جی کے
مکالمہ کی طرف دلانا چاہتا ہون - جسوقت مہاراجہ نے حسب اجازت مہامنی جی اپنے
راجکمارون کو رشیون کے پاس ودیا گرہن کے لئے روانہ کردیا اوسکے بعد مہامنی جی سے

عرض پرداز ہوئے کہ مہاراج تمام درباری صاحبان کا اصرار ہے کہ مہاراج کو یوگ ابھیاس میں انتہائی ملکہ حاصل ہے اس لئے اُن کا منشا ہے کہ مہاراج اپنی کرپا سے کچھ قواعد اُس کے بتلا کر تمام دنیا کو اور مجھکو کرتارتھ کریں گے۔

نوٹ۔ چونکہ یہ مکالمہ بہت طول ہے اور اس میں پورا یوگ شاستر بتلایا گیا ہے۔ مگر میں چند باتیں عرض کر کے مہاراج کے اشلوکوں کے حالات عرض کرونگا۔

سوال۔ مہاراجہ اگرسین جی۔ بھگوان۔ سنساری دشیوں میں پھنسنا کس کو کہتے ہیں اور اُن سے پار ہو جانا کس کو کہتے ہیں۔

جواب۔ مہامنی پاتنجلی جی۔ مہاراجہ جگت کے بندھن میں پھنسے رہنا اور ایشور کو بھول جانا یعنی سنساری دشیوں میں ڈوبنا ہے۔ اور یوگ ابھیاس سے ایشور کی یاد کرنا اس سنسار سے پار ہو جانا ہے۔

سوال۔ جگت کا بندھن کس کو کہتے ہیں۔

جواب۔ دنیاوی لذات میں پھنسنا اور شہوت پرستی و نفس پرستی میں ڈوبے رہنے ہی کا نام جگت بندھن ہے اور یہی بندھن انسان کو مکت سے ہٹا دیتی ہیں۔

سوال۔ مکت کیا ہے۔

جواب۔ نرک کے ڈر سے سنسارک پدارتھوں میں نہ پھنسنے کا نام مکت ہے۔

سوال۔ نرک کس کو کہتے ہیں۔

جواب۔ جسمانی دکھ درد رنج و غم ادویا۔ نردہنتا وغیرہ ہی نرک ہیں اور ان تکالیف سے بچے رہنے کا نام سورگ ہے۔

سوال۔ سورگ کیا ہے۔

جواب۔ اپنے نفس کے خواہشات پر قابو پا کر امن و سکھ چین سے زندگی پوری کرنیکو ہی سورگ کہتے ہیں۔

سوال۔ خواہشات نفسانی پر قابو پانے کی کیا تدبیر ہے۔

جواب۔ اپنے آتما کو پہچاننا کہ جس سے گیان ہو کر موکش ملتی ہے

سوال - آتما کو کیونکر پہچانا جاتا ہے -
جواب - آتما شناسی کے لیے دس نیموں کا پابند رہنا ضروری ہے -
سوال - وہ دس باتین کونسی ہین بیان فرمائے -
جواب - وہ دس باتین حسب ذیل ہین - (۱) عورت سے زیادہ محبت نہ رکھے -
(۲) کسی جاندار کو نہ ستائے (۳) سچ بولنا اختیار کرے جھوٹ کے پاس نجائے -
(۴) خواہشات محسوسات کو دشمن سمجھے (۵) حواس خمسہ کو دبائے یعنی اپنے قابو مین رکھے
(۶) عیش و عشرت کو تجارہے (۷) صبر رکھے اور لالچ سے بچے - (۸) کاہلی اور سستی کو چھوڑ
دے - (۹) شہوت پرستی سے پرہیز کرے (۱۰) اپنی بدنامی سے ڈرتا رہے -
اے مہاراجہ اتنے صفات جب انسان مین جمع ہون تب آواگون سے انسان چھوٹکر
مکت ہوتا ہے -
ناظرین اب مین اس یوگ شاستر کو یہین چھوڑکر صرف یہ ظاہر کرکے کہ کمل یوگ شاستر
مہاراجہ اگرسین جی ہی کی خواہش سے مہامنی پاتنجلی جی نے تصنیف فرمایا تھا - مہاراجہ کے
راجکمارون کی تعلیم حاصل کرنے اور شادیون کا بیان عرض کرتا ہون -
سجن پرشو - جسوقت جملہ راجکماران نے برہم چریہ برت دھارن کیے ہوئے پوری وید
و ودیا وغیرہ کی تعلیم مکمل کرلی اوسوقت تمام رشی لوگ اپنے اپنے ہمراہ اپنے اپنے ششیون
یعنے راجکمارون کو لیکر مہاراجہ اگرسین جی کے دربار مین تشریف لائے - مہاراجہ اگرسین جی
اور اون کے پانچون پردھانون نے رشیون کو ڈنڈوت کرکے بڑی تواضع سے گدی پر
بٹھلایا اور پوجا کی - ازان بعد پردھان بجے راج کنور رشپ دیوجی کی طرف مخاطب ہوکر کہنے
لگے کہ کنور جی آپ راج کنور اور گدی کے مالک ہین اسلیے آپ کو اپنے سب بھائیون
سے زیادہ گنوان ہونا چاہیے - جواباً رشپ دیوجی نے کہا کہ پردھان جی مجکو جو کچھ حاصل
ہوا ہے وہ سب مہاتما گرگ رشی جی کے چرنون کی برکت سے حاصل ہوا ہے - اس لیے
بہتر ہے کہ آپ مہاتما جی کے مواجہہ مین میرا امتحان لین - یہ باتین سماعت فرماکر مہاراجہ
اگرسین جی خود اس طرح امتحان لینے لگے -

سوال - بیٹا اگر تمنے ودیا حاصل کی ہے تو بتاؤ ایشور کیا چیز ہے -
جواب - پشپ دیوجی مہاراجہ ایشور تمام وکمال روح ہے اور وہ آکاش مین رہتا ہے
سوال - ایشور آکاش مین کیون رہتا ہے -
جواب - اسلئے کہ وہ نہایت لطیف ہے اور لطیف شے کی خاصیت ہے کہ وہ غیر معمولی ہوکر غبار کیطرح آکاش مین رہتی ہے چونکہ پرمیشور سب سے زیادہ لطیف ہے اس لئے وہ آکاش مین رہتا ہے -
سوال - ایشور کے آکاش مین رہنے کا ثبوت کیا ہے -
جواب - ثبوت ظاہر ہے کہ تمام دنیا ایشور کا گھر ہے اور دنیا کی کوئی حد نہین تمام سورج تارے جو پرتیکش نظر آتے ہین اور آکاش مین بجائے خود قایم ہین علی ہذا پرمیشور جوان تمام کرون کا محیط ہے آکاش مین قیام پذیر ہے - آکاش مین اسکے رہنے کی کوئی جگہ نہین ہے وہ محیط کل اور پاربرہم پرمیشور جگت ابناشی اور سرشٹی کرتا ہے جسکو تمام انسان و وید مقدس ازلی اور جگت کرتا جگت آدھار مانتے ہین اور سورج چندر پرتھوی وغیرہ کو نت ایک ہی نیم پر بنا نا بگاڑتا رہتا ہے - چنانچہ اس کے گن کرم سبھاؤ بھی انادی ہین اور جیو اور پرکرتی ہمیشہ سے یعنے انادی کال سے اس کے محکوم چلے آتے ہین اور چلتے رہین گے کیونکہ وہ ہمیشہ سے سرشٹی رچنا پالن کرتا اور پرلے کرتا رہا ہے - اور آیندہ بھی پہلے کی طرح کرتا رہے گا - وہ ہمہ صفت موصوف ہے -
سوال - کیا ایشور جیو اور پرکرتی - تینون انادی ہین -
جواب - بیشک ایشور جیو اور پرکرتی تینون انادی ہین -
سوال - ان کے انادی ہونے کا کیا ثبوت ہے -
جواب - ایشور جیو - پرکرتی - تینون حسب ذیل پرتیکش پرمانون سے انادی ہین (۱) جو چیز جہان ہوتی ہے وہی چیز وہان سے ملتی ہی ہے (۲) جو چیز جہان نہین ہوتی وہان سے وہ چیز مل ہی نہین سکتی (۳) جو گن یا خواص کسی کل وستو مین ہوتے ہین وہی اس کے ایک جز مین بھی ہوتے ہین (۴) جو گن کل مین نہین ہوتے وہ اسکے جز

مین بھی نہین ہوتے (۵) جو چیز یا وستو ایک ہی وستو کے برابر ہون وہ سب آپس مین برابر ہوتے ہین - (۶) اسی طرح اگر ایک ہی وستو کے برابر برابر حصے کئے جاوین تو وہ سب آپس مین برابر ہوتے ہین - (۷) دو متضاد چیزون کا ایکجا ہونا بالکل غلط ہے یعنے اجتماع ضدین کبھی نہین ہوتا - (۸) انادی چیز کی کلیہ صفت ذاتی بھی انادی ہوتی ہین - (۹) صفت ہمیشہ اپنے موصوف کے ساتھ رہتی ہے کبھی جدا نہین ہوتی - (۱۰) بغیر گیان کے ودیا حاصل نہین ہوتی یعنے بغیر علم کے معلومات نہین ہو سکتے (۱۱) جو پیدا ہوتا ہے وہی مرتا بھی ہے - جو پیدا نہین ہوتا وہ مرتا بھی نہین - (۱۲) کوئی کام جب تک کہ اُس کا کرنے والا نہ ہو نہین سکتا - (۱۳) دو چیزین باہم اوسوقت تک نہین مل سکتی جب تک کہ ان کا ملانے والا نہو - (۱۴) کسی ایسی دو چیزون کا ملانے والا اسوقت تک ان چیزون کو نہین ملا سکتا جب تک کہ وہ چیزین موجود نہون - ان ہی ثبوتون سے ایشور جیو پرکرتی کا انادی ہونا سدہ ہے - کیونکہ اول اگر ہم ایشور اور اس کے گن کرم صفات علم و ارادہ وغیرہ کو انادی نہ مانین تو اُس کو حادث ماننا پڑے گا - اور بموجب پرمان (۸-۹-۱۰) یہ بات ناممکن ہے کیونکہ ہم ایشور کو سرشٹی کرتا اور انادی مانتے ہین اسلئے وہ حادث نہین ہو سکتا - دوم ایسے ہی جیو کی حالت ہے کیونکہ جیو غیر مرکب جوہر ہین اور انادی ہین - اور انادی پرماتما کے انادی قبضہ و اختیار قدرت مین موجود ہین اس لئے وہ بھی حادث نہین ہو سکتے اور نہ انکی پیدایش ہو سکتی ہے - دراصل انادی کے معنی ہی یہ ہین کہ جس کی ابتدا ہو نہ انتہا -

سوال - ہم تو ایشور کو نہین مانتے جیو کو ہی ایشور جانتے ہین -

جواب - اگر جیو کو ایشور کر کے مانا جاتا ہے تو تمام مخلوق کا درجہ ایک ہونا چاہئے - اور ایسی حالت مین ہر جاندار بجائے خود ایشور ہو گا مگر بموجب پرمان (۵-۶) ایسا نہین ہے - اسلئے جیو ایشور نہین ہو سکتا -

سوال - بیٹا ہم تو ایشور کو نہین مانتے - چاند سورج وغیرہ گرہ اور دنیا کی تمام اشیاء جو ہمکو پرتیکش نظر آتی ہین اور جو صدیون سے ایسی ہی ہین انکا کوئی بنانے والا نہین ہے -

جواب - ایسا کہنا بھی ٹھیک نہیں کیونکہ پران (۱۲) کے بموجب ایسا کہنا بھی بڑا ہے پران مذکور سے ظاہر ہے کہ کوئی کام بغیر کہ اس کا کرنے والا نہ ہو نہیں سکتا - اسی ہی لحاظ سے بغیر کسی کے بنانے کے چاند سورج وغیرہ سیارے اور دنیا کی تمام چیزیں نہیں بن سکتی - اس لیے جس نے ان تمامی اشیاء کو بنایا اسی کو ہم ایشور کہتے ہیں -

سوال - ہم ایشور کو ہرگز نہیں مانیں گے کیونکہ جگت کی ساری چیزیں ہمارے بزرگون کی بنائی ہوئی ہین اور وہی ابتک قایم ہین اور آیندہ بھی رہین گی -

جواب - ایسا خیال بھی صحیح نہیں - کیونکہ اگر جگت کی ایسے تمام چیزیں آپ کے بزرگون کی بنائی ہوئی ہوتی تو وہ خود بھی کبھی نہ مرتے - لیکن بموجب پران (۱۱) ظاہر ہے کہ جو پیدا ہوتا ہی وہ مرتا بھی ہے اس لئے آپ کے بزرگ اس جگت کی چیزون کے بنانے والے نہیں - ہو سکتے - اگر ان چیزون کا بنانے والا آپ کے بزرگون کو مانا جائے تو یہ اُن کی ایک صفت ہے اور پران (۹) کے بموجب صفت ہمیشہ اپنے موصوف کے ساتھ رہتی ہے - اس لئے ان کے مرنے کے بعد یہ چیزیں بھی نہ رہتی -

سوال - یہ دلیل تو معقول نہیں ہے کیونکہ ہمارے بڑون کے بنائے ہوئے مکانات باغ کنوئے پل وغیرہ ابتک قایم ہین اسلئے ہمارے خیال ہین چاند اور سورج وغیرہ بھی اونہین کے بنائے ہوئے ہین -

جواب - یہ بات غلط ہے کیونکہ بموجب پران (۱۱) سب کا ناش ہوتا ہے مکانات کا بنانا باغ وغیرہ کا لگانا ایک قسم کا کرم ہے اسلئے اگر کرم کے مطابق آپ کے بڑون کو سورج چاند وغیرہ کا بنانے والا مانین تو وہ خود بھی انادی ہونا چاہیے تھی - اور پران (۸) کے مطابق ان کے کرم بھی انادی ہونا ضرور تھے - مگر ایسا نہین دکھتا - اس لئے وہ ان وستوئن کے بنانے والے نہین ہین - کیونکہ پران (۱۲) کے مطابق بیج بونے سے درخت اوگتا ہے - بغیر تخم کے نہین اوگتا - اور چونکہ جگت کی تمام چیزیں جیو اور پرکرتی ہی انادی ہین اسلئے بموجب پران (۱۳) و (۱۴) سورج وغیرہ کے بنانے والے کا نام ایشور ہے - کبھی اور کسی حالت مین آپ کے بزرگ اُن کے بنانے والے نہین ہو سکتے -

سوال - ہمارا خیال ہے کہ ایشور کوئی چیز نہین بلکہ جیو خود بخود پیدا ہوتا ہے اور پرکرتی سے خود ہی بنتا ہے -

جواب - یہ خیال بھی آپکا صحیح نہین - کیونکہ اول تو پرکرتی جڑ پدارتھ ہے جسمین حس و حرکت کی طاقت نہین - دوم جیو کی پیدایش نہین - اگر باعتبار پیدایش بفرض محال جیو کی پیدایش بھی مانی جاوے تو اوس کی پیدایش یقینی یا ذہنی دونون مین سے ایک ماننی پڑے گی - اب اگر اسمین سے جیو کی پیدایش یقینی مانی جاوے تو یقینی کل یا کسی شئے کل کا جزو ہوتا ہے اس اعتبار سے جیو کو ہمین ایشور یا اوس کا جزو ماننا پڑے گا - مگر پہلے ظاہر کیا جا چکا ہے کہ جیو ایشور نہین ہو سکتا اسلئے جیو کی پیدایش بھی یقینی نہین ہو سکتی - اگر جیو کی پیدایش ذہنی مان لین تو بھوت پریت پشاچ وغیرہ کے مانند جو محض جھوٹے اور فرضی بناوٹی نام ہین جیو کی پیدایش بھی خیالی ماننی پڑے گی - اُسپر یہ اعتراض ہوگا کہ جیو کیا چیز ہے کس نے بنایا کہان سے آیا اُسکے جواب مین اگر یہ کہا جاوے کہ وہ از خود قدیم سے ہے تو میرا دعوے جیو کے انادی ہونے کا ثابت ہے - اور اگر یہ کہا جاوے کہ ایشور نے اپنی قدرت سے بنایا تو بموجب پرمان (۲) قدرت پرماتما کی صفت ہے جو بموجب پرمان (۹) جدائی پذیر نہین - اور چونکہ بغیر فاعل کوئی فعل نہین پس اس دلیل سے بھی ایشور اور جیو کا ہونا ثابت ہے - اسی طرح پرکرتی کی حقیقت ہے جو ایشور اور جیو کی طرح انادی ہے جس کا ثبوت یہ ہے کہ ایشور و جیو غیر مادی ہین اور مادی دنیا کا ایشور یا جیو سے نکلنا یا بقول آپ کے آپکے بزرگون کا دنیا کی اشیا کا بنانا از روے پرمان (۱ و ۲) ناممکن ہے -
اسلئے ایشور جیو - پرکرتی - تینون انادی ثابت ہین - اور یہ ہر دو ایشور کے قبضہ اختیار مین ہین - کیونکہ یہ امر بھی مسلمہ ہے کہ بلا موجودگی محکوم کے حاکم کا حکم اوس ہی کی ذات تک محدود رہتا ہے یعنے حکم کی بغیر محکوم کی تعمیل غیر ممکن ہے - قدرت ایشور ہی کا نام ہے - اور شبد (یعنے آواز کو بھی حکم کہتے ہین مگر قدرت بموجب پرمان (۹) صفت ہے اور صفت سے اُس وقت تک جگت کا بننا جب تک کہ محکوم نہ موجود ہون ناممکن ہے اس لیے آپکے بزرگ ان چیزون کے بنانے والے نہین

[illegible] جگت کی تمام چیزین جو پرتیکش نظر آتی ہین اور علم و عقل سے
جانی جاتی ہین وہ سب جیو اور پرکرتی کے سنجوگ سے بنتی ہین اور جیو اور پرکرتی ایشور
نے بنائے نہین ہین اسلیے [illegible] ان کا بنانے والا ہے - اور چونکہ جیو چیتن اور پرکرتی
جڑ [illegible] ہے اسلیے جیو پرکرتی سے نہین بن سکتا - کیونکہ جڑ اوس چیز کو کہتے
ہین [illegible] زندہ یا ودیہ کا نام ہوتا ہے
[illegible] اور [illegible] سے کٹے نہ خشک ہو نہ سڑے
[illegible] پرکرتی [illegible] - اس سے صاف طور پر ثابت ہوا کہ ایشور
جیو - پرکرتی تینون اناوی ہین -

سوال - [illegible] کہ مرنے کے بعد جیو کہان جاتا ہے - اور پیدائش
کے وقت کہان سے آتا ہے -

جواب - مہاراج یہ بہت صاف بات سماعت فرمائے (۱) ہر جاندار اجسام جیو اور
پرکرتی کے ملاپ سے بنتی ہین اور انکا ملانیوالا ایشور ہے (۲) ازروے علم کیمیا یہ امر
بخوبی ثابت ہے کہ کوئی چیز نیست نہین ہوتی صرف حالت تبدیل ہوا کرتی ہے (۳) یہ بات
آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ جگت مین کرمانوسار جسم ملتا ہے اگر کرمانوسار جسم نہ ملے
تو مطلب نرک و سورگ جزا و سزا کا فوت ہو جاتا ہے (۴) ایشور - جیو - پرکرتی انادی
ہین اور ان کے رہنے کی جگہ آکاش ہے - جسمین زمین جیسے بلکہ اس سے بدرجہا
بڑے لکھوکہا بلکہ اننت یعنی بے شمار سیارے ستارے بھرے پڑے ہین - جو ہر ایک
سیارے خود عظیم الشان دنیا ہین - چنانچہ ان ہی چارون باتون کو پیش نظر رکھکر یہ مسئلہ
طے کرتا ہون سماعت فرمائیے - جب جیو بدن سے نکلتا ہے تو وہ جسم سے نکلتے ہی
فوراً کسی دوسرے جسم مین چلا جاتا ہے اور اسکو اپنا مسکن بناتا ہے - اوس کا اس
